93248 ـ داڑھ میں درد ہونے کے باعث روزہ افطار کر دیا

سوال

مجھے داڑھ میں درد ہوا تو میں نے روزہ افطار کر لیا اور ڈینٹل ڈاکٹر کے پاس گیا تا کہ داڑھ کا علاج کرا سکوں، تو ڈاکٹر کہنے لگا کہ اسے اکھاڑنا ضروری ہے، برائے مہربانی مجھے بتائیں کہ مجھ پر کیا لازم آتا ہے اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

روزے دار کے لیے اپنی داڑھ اور کھوڑ کا علاج کرانا اور دانت نکلوانا جائز ہے، چاہے اس کے لیے اس جگہ کو سن بھی کرنا پڑے، اور اس کا روزے پر کوئی اثر نہیں پڑیگا، لیکن شرط یہ ہے کہ دوائی یا خون نگلنے سے اجتناب کرے.

مزید آپ سوال نمبر (13767) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

ایسے شخص کے لیے روزہ اسی صورت میں افطار کرنا جائز ہوگا جب اس کے لیے روزہ رکھنے میں مشقت ہو، یا پھر اسے دوائی پینی پڑے، یا پھر بہت زیادہ خون بہہ جائے کہ جسم میں کمزوری آ جائے.

اس بنا پر اگر تو آپ نے صرف داڑھ نکالے جانے کی بنا پر روزہ توڑ دیا تو آپ نے غلطی کی ہے اس لیے آپ پر توبہ و استغفار کرنا واجب ہے، اور اس روزے کی قضاء میں روزہ بھی رکھنا ہوگا.

واللہ اعلم .